# 15th round of Foreign Office Consultations between India and Singapore

August 11, 2021

-----------------------------------------------------------------------------------------------------------

## ہندوستان اور سنگاپور کے درمیان دفتر خارجہ سے متعلق مشاورت کا 15 واں دور

11 اگست، 2021

بھارت اور سنگاپور کے درمیان دفتر خارجہ سے متعلق مشاورت کا 15 واں 11 اگست 2021 کو ورچوئل طریقے سے منعقد کیا گیا۔ ہندوستانی وفد کی قیادت وزارت خارجہ میں سیکرٹری (مشرق)، محترمہ ریوا گنگولی داس نے کی، جبکہ سنگاپور وفد کی قیادت سنگاپور میں وزارت خارجہ کے مستقل سکریٹری جناب چی وی کیونگ نے کی۔

2۔ دونوں فریقین نے دوطرفہ تعلقات کے سارے پہلؤوں کا جائزہ لیا، اور اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ وبائی مرض کے باوجود دو طرفہ تعلقات میں خاص طور پر تجارتی اور دفاعی تعاون میں قابل قدر اہمیت اور مواد شامل کیا گیا ہے۔ وفد نے دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ سفری پابندیوں میں نرمی اور عوام سے عوام کے مابین رابطے کی بحالی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سکریٹری (مشرق) نے دوسری کووڈ لہر کے دوران سنگاپور کی حمایت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

3۔ آسیان- ہند تعلقات اور انڈو پیسفک میں انڈیا سنگاپور تعاون سے متعلقہ امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سنگاپور نے تین سال کی مدت (2021-2024) کے لیے آسیان میں ہندوستان کے لیے کنٹری کوآرڈینیٹر کا عہدہ سنبھالا ہے۔ خطے کے بین الاقوامی اور اسٹریٹجک امور پر خیالات کا تبادلہ کیا گیا۔

4۔ مذاکرات دوستانہ اور خوشگوار ماحول میں ہوئے۔ دونوں فریقین نے باہمی طور پر متعینہ تاریخ پر اگلی مشاورت کے انعقاد پر اتفاق کیا۔

**نئی دہلی**

**11 اگست، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.